# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور

## ہینڈ آوٹ نمبر62

## پریس ریلیز

مورخہ 11مارچ 2026ء

## تعلیمی بورڈ بہاول پور کے زیر اہتمام میٹرک پہلا سالانہ امتحان 2026 کے بعض امتحانی مراکز میں بائیو میٹرک لازمی قرار ۔ڈاکٹر رجب علی کنٹرولر امتحانات

(      ) تعلیمی بورڈ بہاول پور کے زیر اہتمام میٹرک پہلا سالانہ امتحان2026مورخہ 27مارچ2026 بروز جمعہ سے شروع ہو رہا ہے جس کیلئے رول نمبر سلپس جاری کر دی گئی ہیں۔اس ضمن میں کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رجب علی نے میڈیا کو بتایا کہ درج ذیل امتحانی مراکز میں امتحان دینے والے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 22مارچ 2026 تک اپنے متعلقہ امتحانی مرکز پر جا کر بائیومیٹرک تصدیق کا عمل مکمل کروالیں۔ اس ضمن میں ضروری ہدایات امیدواروں کو جاری کردہ رول نمبر سلپس پر بھی درج کر دی گئی ہیں اور تمام امیدواران کو بذریعہSMS بھی آگاہ کیا گیا ہے۔ واضح کیا گیا ہے کہ وہ تمام امیدواران جن کی رول نمبر سلپس پر درج ذیل امتحانی مراکز اور بائیومیٹرک تصدیق سے متعلق ہدایات درج نہیں ہیں، انہیں بائیو میٹرک کے لیے ان مراکز پر آنے کی ضرورت نہیں ہے تاکہ غیر ضروری رش اور خلل سے بچا جاسکے۔ کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رجب علی نے کہا ہے کہ طلبا/ طالبات کی سہولت کے لیے ان مراکز پر چوکنا اور تربیت یافتہ عملہ تعینات کیا گیا ہے جہاں جدید بائیومیٹرک مشین موجود ہیں جن کی مدد سے بائیومیٹرک تصدیق کا عمل تیز اور آسان بنایا جاسکے۔ جن امیدواران کی رول نمبر سلپ پر درج ذیل امتحانی مرکز درج ہے وہ امیدواران اسی امتحانی مرکز میں جا کر اپنی بائیومیٹرک تصدیق لازمی کرائیں، امتحانی مراکز کے ساتھ متعلقہ فوکل پرسن کا نام اور رابطہ نمبرز درج ذیل ہیں:

1۔ گورنمنٹ ہائی سکول گلاب علی کمبائنڈ — فاروق احمد 03070571651

2۔ گورنمنٹ ہائی سکول نورسر کمبائنڈ — بشیر احمد 03017685612

3۔ گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر112/M کمبائنڈ — شعیب محمود03081276314

4۔ گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر121/M کمبائنڈ — گل نواز03067685540

5۔ گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر227/9-R مبائنڈ — محمد نیاز03454275836

6۔ گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر97/6-R کمبائنڈ — اسامہ مسعود03417384127

7۔ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول منڈی صادق گنج — وقاص نعیم 03004227535

8۔ گورنمنٹ ہائی سکول حاصل ساڑھو کمبائنڈ — محمد عقیل 03336409546

9۔ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول مبارک پور کمبائنڈ — محمد عرفان حیدر 03015877678

10۔ گورنمنٹ ہائی سکول گوٹھ مہراب کمبائنڈ — شبیر احمد 03215822477

11۔ گورنمنٹ ہائی سکول ڈیرہ بکھا کمبائنڈ — محمد خلیق 03068842123

12۔ گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر 153/M کلیم اختر جاوید 03043565153

13۔ گورنمنٹ فاضل ہائی سکول خیر پور ٹامیوالی — محمد طاہر 03016502242

14۔ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول 117/DB — تنزیل الرحمن 03071564139

15۔ گورنمنٹ ہائی سکول شاہی والا کمبائنڈ — لیاقت علی 03017755404

16۔ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول قادر پور کمبائنڈ — خلیل احمد 03077975433

17۔ گورنمنٹ ہائی سکول جن پور — محمد آصف اقبال 03017616694

18۔ گورنمنٹ ہائی سکول پکالاڑاں کمبائنڈ — قمر بن شاہین 03013379068

19۔ گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر 51/P — سکندر علی 03046862332

20۔ گورنمنٹ ہائی سکول رکن پور کمبائنڈ — مسعود الرحمٰن 03003370270

21۔ گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ سبزل کمبائنڈ — کاشف نذیر 03027666571

22۔ گورنمنٹ ہائی سکول رانجھے خاں کمبائنڈ — شہنواز 03007824879

کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رجب علی نے امیدواروں اور والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ تک بائیومیٹرک تصدیق مکمل کرواکر امتحانی انتظامات میں تعاون کریں نیز ان امتحانی مراکز کے سربراہ ادارہ جات (ریذیڈنٹ انسپکٹر) سے درخواست کی ہے کہ اپنے امتحان شروع ہونے سے پہلے بائیومیٹرک رجسٹریشن کے عمل کو مکمل کروائیں تاکہ دوران امتحان امیدواران کی بائیومیٹرک تصدیق ممکن ہو سکے۔ واضح کیا جاتا ہے کہ بائیومیٹرک رجسٹریشن کے لیے آن لائن اور ڈیسک ٹاپ ایپلیکیشن پر کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ آن لائن ایپلیکیشن ادارہ جات کے آن لائن پورٹل میں رکھ دی گئی ہے اور ڈیسک ٹاپ ایپلیکیشن کے ذریعے بہاول پور کے تینوں اضلاع کے I.T ٹیچرز کو باقاعدہ ٹریننگ دی گئی ہے جو کہ پیپرز سے قبل بائیومیٹرک رجسٹریشن کے عمل مکمل کریں گے اور امتحان کے دوران ان Hard Center میں روزانہ کی بنیاد پر بائیومیٹرک تصدیق کریں گے۔ ایسے امیدواران جن کے رول نمبر سلپ پر درج بالا امتحانی مراکز علاوہ کوئی بھی امتحانی مراکز درج ہے ان امیدواران کو بائیومیٹرک کروانے کی ضرورت نہیں ہے وہ اپنے امتحانی مراکز میں امتحان دیں گے۔


**فرخ محمود**

**پبلک ریلیشنز آفیسر**

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور

**فون نمبر 03017545341**